**22-06-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اصغرعلی

----------------------------------
Music
----------------------------------

☆ نئی دلّی میں GST کونسل کی 53ویں میٹنگ میں فرضی بلوں کی روک تھام کی خاطر ملک بھر میں بایومیٹرک پر مبنی تصدیق شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس میں دودھ کے سبھی Cans پر 12 فیصد GST کی یکساں شرح کی سفارش کی گئی ہے۔

☆ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے آغاز سے پہلے پراتھم پوجا کی۔ انھوں نے عقیدتمندوں کو ہرسہولت کی یقین دہانی کرائی۔

☆ بھارت اور بنگلہ دیش نے دونوں ملکوں کی خوشحالی کیلئے کنیکٹی ویٹی، تجارت اور اشتراک بڑھانے کی خاطر مستقبل کیلئے لائحہ عمل مشترک کئے۔

☆ مرکز نے امتحان کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی کی جانب سے کرائے جانے والے امتحانات کے عمل کے تفصیلی جائزے کیلئے ماہرین کی سات رکنی اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ اور مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں، Antigua میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان سُپر آٹھ کا میچ جاری ہے۔

----------------------------------
(Music)
----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**SITHARAMAN GST COUNCIL**

اشیاء اور خدمات ٹیکس GST سے متعلق کونسل نے آج نئی دلی میں اپنی 53 ویں میٹنگ میں فرضی بل کی روک تھام کیلئے ملک بھر میں بایومیٹرک پر مبنی آدھار سے تصدیق شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔

میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ اِس سے فرضی بل کے ذریعہ جھوٹے ٹیکس کریڈٹ کے دعوؤں سے حکومت کو نمٹنے میں مدد ملے گی۔

NIRMALA SITHARAMAN BIOMETRIC

محترمہ سیتارمن نے کہا کہ GST کونسل نے سبھی فولاد، لوہے اور المونیم Milk cans پر 12 فیصد جی ایس ٹی کی یکساں شرح کی سفارش کی ہے۔

اُس نے سبھی Carton Boxes اور پیپربورڈ پر بھیGST کی شرح کو کم کرکے 12 فیصد کردیا ہے۔ وزیرموصوف نے یہ بھی اعلان کیا کہ بھارتی ریلویز کی جانب سے عام آدمی کو فراہم کی گئی خدمات پر کوئی جی ایس ٹی نہیں لگایا جائے گا۔

NIRMALA SITHARAMN RAILWAY SERVICES

وزیرموصوف نے کہا کہ چھوٹے ٹیکس دہندگان کی مدد کیلئے کونسل نے Form GSTR-4 میں تفصیلات اور ریٹرن جمع کرنے کی مقررہ مدت کو 30 اپریل سے بڑھاکر 30 جون کئے جانے کی سفارش کی ہے۔X

## J&K Paratham Puja

جموں وکشمیر کے لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا نے آج سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے آغاز کی رسمی تقریب کے موقع پر ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پراتھم پوجا کی۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے لیفٹینینٹ گورنر نے ضروری سہولیات، بنیادی ڈھانچے اور سکیورٹی انتظامات میں نمایاں طور پر اضافے کئے جانے کو اجاگر کیا اور اِس بات پر زور دیا کہ حکومت بلارکاوٹ، پوری طرح سے محفوظ اور بغیرکسی پریشانی کے یاترا کو یقینی بنانے کی خاطر ہرممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انھوں نے ریاست کے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ملک اور بیرون ملک کے مختلف حصوں سے آنے والے عقیدتمندوں کا خیرمقدم کرنے اور اُنہیں ہرسہولت پہنچانے کیلئے مل کر آگے آئیں۔ اِس سال سالانہ شری امرناتھ جی یاترا ایک ساتھ دونوں راستوں انت ناگ ضلع کے پہلگام اور گاندربل ضلع کے بالتل سے 29 جون سے شروع ہو رہی ہے۔X

## Odisha Snana Yatra

اڈیشہ میں بھگوان جگناتھ کے دیوا اسنان یا اسنان یاترا کا آج پوری کے سری مندر میں آغاز ہوا۔ آج صبح سویرے عقیدتمندوں نے بھگوان جگناتھ، بال بھدر، دیوی سبھدرا، سدرشن اور مدن موہن کو رتن سنگھاسن سے جئے جگناتھ کا جاپ کرتے ہوئے Pahandi جلوس کی شکل میں مندر کے پوتر مقام تک پہنچایا۔ ان کو مندر کے احاطے سے باہر قائم اسنان ویدی کے مقام تک لے جایا گیا۔ اس سے قبل پجاریوں نے مندر کے احاطے میں قائم پوتر کنوئیں سے لائے گئے پانی سے نہلایا جس کیلئے 108 گھڑے خوشبودار اور جڑی بوٹیوں والے پانی کا استعمال کیا گیا۔x

## EV BANGLADESH

بھارت اور بنگلہ دیش نے مستقبل کیلئے آج ایک مشترکہ ویژن کا تبادلہ کیا تاکہ دونوں ملکوں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے کنیکٹویٹی، کامرس اور اشتراک میں اضافہ کیا جاسکے۔ وزیراعظم نریندرمودی اور بنگلہ دیش کی اُن کی ہم منصب شیخ

حسینہ کے درمیان آج نئی دلی میں دوطرفہ بات چیت کے بعد ان دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔
آج شام میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے بھارت کے خارجہ سکریٹری ونے موہن Kwatra نے کہا کہ دونوں ملکوں نے ڈجیٹل پارٹنرشپ سے متعلق دستاویزات پر دستخط کئے۔ ساتھ ہی پائیدار مستقبل کیلئے ایک گرین پارٹنرشپ دستاویز پر بھی دستخط کئے گئے۔

VINAY MOHAN KWATRA

اس سے پہلے دن میں بھارت اور بنگلہ دیش نے مختلف شعبوں میں سمجھوتوں اور تجدید شدہ مفاہمت کے کئی اقرارنامے کا تبادلہ کیا جن میں ڈجیٹل اور گرین پارٹنرشپ، بحری اشتراک، بحری معیشت، صحت اور دوائیں اور ریلوے کنکیٹوِیٹی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت طبی علاج کی غرض سے بنگلہ دیش کے عوام کیلئے ای۔میڈیکل ویزا کی سہولت شروع کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ رنگ پور میں ایک نیا اسسٹنٹ ہائی کمیشن کھولے جانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعظم مودی نے اس بات کا ذکر کیا کہ دونوں فریق جامع اقتصادی ساجھے داری سمجھوتے پر بات چیت شروع کرنے کیلئے تیار ہیں تاکہ اپنے اقتصادی رشتوں کو نئی بلندیوں پر لے جاسکیں۔

PM CEPA

اپنے پریس بیان میں بنگلہ دیش کی وزیراعظم نے بھارت کو ایک بھروسے مند دوست اور علاقائی ساجھے دار قرار دیا۔ انہوں نے وزیراعظم مودی کو بنگلہ دیش کا دورہ کرنے کی دعوت دی تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔ وزیراعظم شیخ حسینہ نے آج شام صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکڑ سے ملاقات کی۔ بنگلہ دیش کی وزیراعظم بھارت کے دو دن کے دورے پر کل نئی دلی پہنچی ہیں۔ X

## Parliament Session

اٹھارھویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس پیر کے روز سے شروع ہوگا۔ اِس اجلاس کے دوران نومنتخبہ ارکان کی حلف برداری ہوگی۔BJP کے سینئر رکن پارلیمنٹ Bhartruhari Mahtab کو عبوری اسپیکر مقرر کیا گیا ہے جو لوک سبھا کے نومنتخبہ ارکان پارلیمنٹ کو حلف دلائیں گے۔ نئی لوک سبھا کے اسپیکر کا انتخاب اِس ماہ کی 26 تاریخ کو ہوگا جبکہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 27 جون کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ راجیہ سبھا کا اجلاس جمعرات سے شروع ہوگا۔ پارلیمنٹ کا اجلاس آئندہ ماہ کی 3 کو اختتام پذیر ہوگا۔x

## NTA COMMITTEE

تعلیم کی مرکزی وزارت نے ماہرین کی اعلی سطح کی ایک کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ امتحانات کے انعقاد سے متعلق قومی ایجنسی NTA کی جانب سے شفاف، بلا رکاوٹ اور منصفانہ امتحان کے انعقاد کو یقینی بنایا جاسکے۔ اسرو کے سابق چیئرمین ڈاکٹر کے رادھا کرشنن کی صدارت والی سات رکنی کمیٹی کو یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ NTA کے امتحان کے طریقہ کار میں اصلاحات تجویز کرے تاکہ کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے، قانون شکنی کو روکا جاسکے اور ایجنسی کے

ڈھانچے اور کام کاج کا جائزہ لیا جاسکے۔ یہ قدم میڈیکل کورس میں داخلے کیلئے نیٹ۔ یو جی 2024 میں بعض بے ضابطگیاں حکومت کے نوٹس میں آنے کے بعد اٹھایا گیا ہے۔

کمیٹی، موجودہ طریقہ کار کا جائزہ لے گی، بہتری کے اقدامات تجویز کرے گی اور NTA کی ذمہ داریاں واضح کرے گی۔ کمیٹی، شکایات کے ازالے کے موجودہ طریقہ کار کا بھی جائزہ لے گی اور اسے مستحکم بنانے کی تجویز پیش کرے گی۔ اپنی رپورٹ پیش کرنے کیلئے کمیٹی کو دو مہینے کا وقت دیا گیا ہے۔ کمیٹی کے ارکان میں ایمس دلی کے سابق ڈائریکٹر ڈاکٹر رندیپ گلیریا، سینٹرل یونیورسٹی آف حیدرآباد کے وائس چانسلر پروفیسر B.J Rao ، IIT مدراس میں پروفیسر Emeritus، پروفیسر رامامورتی- کے اور IIT دلی کے Dean of Student Affairs آدتیہ متّل شامل ہیں۔ کمیٹی کی تشکیل کے بعد تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ طلبا کے مفادات اور اُن کا روشن مستقبل ہمیشہ حکومت کی اعلی ترین ترجیح ہوگی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دھرمیندر پردھان نے کہا کہ حکومت شفاف، صاف ستھرے اور غلطیوں سے پاک امتحانات کے تئیں عہدبند ہے۔ انہوں نے کہاکہ ماہرین کی اعلی سطح کی کمیٹی کا قیام اُن اقدامات میں سے ایک ہے جو امتحان کے عمل کو بہتر بنانے، تمام ممکنہ بے ضابطگیوں کو ختم کرنے، ڈیٹا کے تحفظ کے پروٹوکول کو مستحکم کرنے اور NTA میں اصلاحات کیلئے اٹھائے جارہے ہیں۔ X

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ چار دنوں کے دوران کیرالہ، کرناٹک اور گوا میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ آئندہ چار دنوں میں گجرات، مہاراشٹر، لکشدیپ، آندھراپردیش، تلنگانہ، تمل ناڈو اور پدوچیری میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ مغربی اترپردیش کے حصوں میں اِس ماہ کی 24 تاریخ تک موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے IMD کی سینئر سائنسداں Soma Sen نے کہا کہ گزشتہ کچھ دنوں میں گرمی میں کمی کے بعد آئندہ دو دنوں میں دلّی اور اُس سے متصل علاقوں میں ایک مرتبہ پھر درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ اضافہ ہوگا۔x

## Srilanka President

سری لنکا کے رانل وکرما سنگھے نے جزیرائی ملک کی خاطر دو برس کے مالی بحران سے نمٹنے کیلئے بھارت کی اقتصادی مدد کیلئے تشکر کا اظہار کیا ہے۔ کولمبو میں کُل بھارتی شراکت داروں کی 31ویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب وکرما سنگھے نے بھارت کے ساتھ مضبوط ساجھے داری برقرار رکھنے کے اپنے عہد پر زور دیا۔ سری لنکا کے صدر نے نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کرنے کیلئے بھارت کے اپنے حالیہ دورے کو یاد کیا اور کہا کہ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ شراکت داری کے اہم شعبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے جمعرات کو سری لنکا کا سرکاری دورہ کیا تھا اور اِس دوران، انھوں نے مختلف شعبوں میں بھارت-سری لنکا اشتراک کو مستحکم بنانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ بھارت مختلف پروجیکٹوں پر کام کر رہا ہے جن کی مدد سے سری لنکا توانائی کے معاملے میں خودکفیل بن پائے گا۔x

## Gujrat Drugs

گجرات پولیس نے امریکہ، برطانیہ اور کناڈا جیسے ممالک سے ارسال کیا گیا تقریباً ساڑھے تین کروڑ روپئے مالیت کا Hybrid گانجہ اور مشتبہ منشیات اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ ایک پیرس اعلامیہ کے مطابق، Diapers اور بچوں کے کھلونوں میں چھپائے گئے تقریباً گیارہ کلو گرام منشیات ضبط کئے گئے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ منشیات اور سائیکوٹرا پک اشیاء قانون کے تحت ایک FIR درج کی گئی ہے۔x

## BJP Hooch Tragedy

BJP نے آج Kallakurichi میں زہریلی شراب کے المناک سانحے میں انسانی جانوں کے نقصان پر تمل ناڈو حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے پارٹی کے ترجمان شہزاد پونا والے نے مبینہ طور پر کہا کہ ریاست کی DMK حکومت اِس المناک سانحے کیلئے پوری طرح ذمے دار ہے۔ انھوں نے سوال کیا کہ تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن اِس معاملے کی CBI تحقیقات سے کیوں بچ رہے ہیں۔ پارٹی کے ایک اور لیڈر انل اینٹنی نے کانگریس، بائیں بازو اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی دیگر پارٹیوں کی خاموشی پر سوال کیا۔x

## Cricket

مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں Antigua میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ بھارت کا سُپر آٹھ مرحلے کا یہ دوسرا میچ ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 19 اوورس میں 5 وکٹ پر 178 رن بنالئے تھے۔

سُپر آٹھ کے اپنے پہلے میچ میں Barbados میں بھارت نے افغانستان کو 47 رن سے ہرایا تھا۔ دوسری جانب بنگلہ دیش کو آسٹریلیا کے خلاف میچ میں ڈَکورتھ لوئس ضابطے کے تحت 28 رن سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

آج اِس سے پہلے دِن میں Barbados کے Kensington اووَل میں میزبان ویسٹ انڈیز نے امریکہ کو 9 وکٹ سے ہرا دیا۔x

## Gulf Selangor Masters

گولف میں بھارت کے Rahil Gangjee نے سخت مقابلے والے فائنل راؤنڈ کے باوجود ملیشیا میں PKNS Selangor ماسٹرس میں جیت حاصل کر لی ہے۔کھیل کی شروعات میں Gangjee کو ابتدائی مرحلے میں ملی سبقت کا خاص فائدہ نہیں ہوا کیونکہ بعد میں مقابلہ سخت ہوگیا۔ تاہم انھوں نے اس کے بعد بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور 272 کے مجموعی اسکور کے ساتھ اپنا کھیل پورا کیا۔x

☆☆☆☆☆☆